Principles of Economics - 11th Class Principle of Economics Full Book Short Questions Preparation

Q1. طویل مدت قیمت سے کیا مراد ہے

Ans 1: طویل مدت کے دوران طلب و رسد کے باہمی توازن سے جو قیمت مقرر ہوتی ہےاسے طویل مدت قیمت کہتے ہیں.

Q2. پروفیسر رابنز کی تحریر کردہ معاشیات کی تعریف کریں.

Ans 1: "معاشیات ایک ایسا علم ہے جس میں انسان کے اس طرز عمال کا مطالعہ کیا جاتا ہے جو وہ لامحدود خواہشات کو محدود زرائع سے پورا کرتے وقت اختیار کرتا ہے. جبکہ یہ زرائع مختلف استعمال کرکھتے ہیں."

Q3. رسد کی لامحدود لچک سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اگر شے شے کی قیمت میں انتہائی معمولی کمی ہونے سے اس کی رسد صفر اور قیمت میں انتہائی معمولی اضآفہ رسد میں لامحدود اضافہ کا باعث بنے تو رسد کی لچک لامحدود کہلاتی ہے. اسی صورت مین خط رسد او اور ایکس کے متوازی ہوتا ہے.

Q4. دولت سے کیا مراد ہے.

Ans 1: عام طور پر دولت کو زر یعنی روپیہ پیسہ ، سونا چاندی وغیرہ کے معنوں میں لیا جاتا ہے لیکن معاشییات میں ہر وہ شے دولت کہلاتی ہے جس میں افادہ کمیابی اور انتقال بذیری پائی جائے اس طرح مکان، میز، کرسی، فرنیچ ، ٹیلی وژن وغیرہ وسب دولت ہے.

Q5. افادہ اور فائدہ منڈی میں فرق بیان کریں.

Ans 1: کسی شے میں انسانی خواہش کو پورا کرنے کی خوبی کو افادہ کہتے ہیں مثلا پانی میں پیاس بجھانے کی خوبی جبکہ افادہ سے مراد فائدہ مندی نہیں ہے کیونکہ بہت سی اشیاء ہیں جو فائدہ مند نہیں ہیں مثلا شراب، افیون، سگریٹ ، یہ انسانی صحت کے لیے مضر ہیں لیکن ان میں افادہ موجود ہے کیونکہ یہ انسانی خواہش کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں.

Q6. خط طلب کے منفی جھکاؤ کی تین وجوہات بیان کریں.

Ans 1: خریداروں کی تعداد میں اضافہ: جب کسی شے کی قیمت کم ہوتی ہے تو ایسے لوگ بھی اس شےکو خریدنا شروع کر دیتے ہیں جو پہلے اس شے کے مہنگا ہونے کی وجہ سے خریدنے کے قائل نہیں تھے یعنی خریداروں کی تعداد بڑھنے سے طلب بڑھ جاتی ہے.

Ans 2: اثر آمدنی: کسی شے کی قیمت میں کمی سے خریداروں کی حقیقی آمدنی یا قوت بڑھ جاتی ہے اور وہ پہلے جتنی ہی رقم خرچ کرکے اسی شے کی زیادہ مقدار خرید سکتے ہیں

Ans 3: آستبدالی اثر: جب کسی شے کی قیمت کم ہوتی ہے تو یہ شے اپنی نعم البدل اشیاء کے مقابلے میں سستی ہوجاتی ہے اس لیے پہلے جو لوگ اس کو خرید نہ پارہے تھے اس کے نسبتاً سستا ہوجانے کےکی وجہ اسے خریدنا شروع کردیتےہیں.

Q7. سرمائے کے فرسودگی الاؤنس سے کیا مراد ہے

Ans 1: اشیاء پیدا کرنے کے لیے مشنیں ، الات و اوزار استعمال ہوتے ہیں. یہ مشینیں الات و اوزار خراب ہوتے رہتے ہیں آوڑ توٹتے پھوٹتے رہتے ہیں- آن کی مرمت کرنی پڑتی ہے ان کی مرمت پر جو اخراجات آتے ہیں آنہیں فرسودگی الاؤنس کہتے ہیں.

Q8. قانون طلب کی متثنیات سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایسی اشیاء یا حالات جن پر قانون طلب کا اطلاق نہیں ہوتا انہیں قانون طلب کی مستثنیات کہا جاتا ہے. ان کےبارے میں نتیجہ قانون طلب کے الٹ ہوتا ہے.

Q9. محنت کی اہمیت سے کیا مراد ہے.

Ans 1: پروفیسر مارشل کے مطابق "اگر بنجر زمین کا ٹکڑ اور کسی استعداد اور محنتی شخص کے حوالے کر دیا جائے تو وہ اسے گلزار کردے گا اور جب یہ کام نا اہل انسان کے ہاتھ میں دیا جائے تو وہ زرخیز زمین کے ٹکڑے کو جلد ویرانے میں تبدیل کردے گا.

Q10. صرف دولت سے کیا مراد ہے.

Ans 1: صرف دولت سے مراد ہے کہ دولت کو کس طرح سے خرچ کیا جاتا ہے. دولت کا وہ حصہ جو ہم ضروریات زندگی پر خرچ کرتے ہیں وٗہ صرف دولت کہلاتا ہے.
